Patient Information

# Morphine Sulphate Capsule/Oral

**Indications:**

Morphine Sulphate is used to relieve moderate to severe pain.

**Directions for use:**

- Use morphine sulphate exactly as it is prescribed for you
- If your stomach is upset, take the medicine with food
- Do not chew or crush the capsule
- Do not discontinue taking morphine sulphate without consulting your doctor

**Tell your doctor if you:**

- Are allergic to morphine sulphate
- Take any other prescription or non-prescription medicine
- Have breathing disorders
- Have liver or kidney disease
- Take alcohol
- Are pregnant, planning to become pregnant or breast feeding

**Common side effects:**

- Nausea
- Constipation
- Shallow breathing
- Slow heartbeat
- Seizure
- Confusion
- Severe weakness or dizziness

**What to do if a dose is missed:**

- Take the missed dose as soon as you remember
- Skip the missed dose if it is almost time for your next scheduled dose
- Do not take extra medicine to make-up for the missed dose

**What to do if there is an overdose:**

- Seek immediate medical attention for any suspected over dosage
- Drink a glass of milk and call your doctor right away

**Overdose symptoms may include:**

- Pinpoint pupils
- Severe constipation
- Severe nausea, vomiting
- Spasms of the stomach or intestinal tract
- Low blood pressure
- Weak pulse
- Drowsiness
- Coma
- Possible seizures
- Difficulty in breathing
- Fingernails and lips turning blue

**Storage:**

- Store at room temperature away from light and moisture
- Keep all medicines away from children and pets
- Do not use medication beyond the expiry date mentioned on the pack
- If unused, return the drug to pharmacy for proper disposal
- Do not share your medicine with anyone

---

For more information, please contact:
**Drug and Poison Information Centre, Department of Pharmacy Services,**
**Aga Khan University Hospital, Karachi**
P. O. Box 3500, Stadium Road, Karachi-74800, Pakistan,
Tel: +92 21 3486 1504/1506, Email: drug.information@aku.edu, Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
**The Aga Khan University Hospital,** Karachi

مریضوں کے لیے رہنما ہدایات

# مورفین سلفیٹ کیپسول/شربت

## استعمال

مورفین اس وقت استعمال ہوتی ہے جب دیگر درد کش ادویات معتدل اور شدید درد کو ختم کرنے میں ناکام ہو جائیں۔

## دوا کس طرح استعمال کی جائے؟

- مورفین بالکل اسی طرح استعمال کریں جس طرح ڈاکٹر نے تجویز کی ہے۔
- اگر آپ کا ہاضمہ خراب ہو تو دوا کو کھانے کے ساتھ استعمال کریں۔
- کیپسول کو توڑنے یا چبانے سے گریز کریں۔
- ڈاکٹر کے مشورے کے بغیر مورفین سلفیٹ کا استعمال ترک نہ کریں۔

## ڈاکٹر کو مطلع کریں اگر:

- آپ کو مورفین یا کسی اور دوا سے الرجی ہو۔
- آپ نسخے یا بغیر نسخے والی کوئی دوا استعمال کر رہے ہوں۔
- آپ کو سانس کے مسائل ہوں۔
- آپ کو جگر یا گردوں کا کوئی مرض ہو۔
- آپ شراب نوشی کرتے ہوں۔
- آپ حاملہ ہوں، حاملہ ہونے کا ارادہ رکھتی ہوں یا بچے کو دودھ پلاتی ہوں۔

## ضمنی اثرات

- متلی
- قبض
- سانس کا سینے کے اوپری حصے تک رہنا
- دھڑکن کا سست ہونا
- مرگی کے دورے
- بدحواسی
- شدید کمزوری یا سر چکرانا

## اگر دوا کی خوراک کھانا بھول جائیں تو:

- جیسے ہی یاد آئے تو دوا کھالیں۔
- اگر اگلی خوراک کا وقت ہو گیا ہے تو پچھلی خوراک نہ کھائیں۔
- پچھلی خوراک کی کمی کو پورا کرنے کے لیئے اضافی خوراک نہ کھائیں۔

## اگر اضافی خوراک کھالیں تو:

- فوراً طبی مدد حاصل کریں۔
- دودھ کا ایک گلاس پیئیں اور فوراً اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

## اضافی خوراک کھالینے کی علامات:

- پتلیوں کا سکڑ جانا
- قبض
- متلی
- معدے اور آنتوں کی اینٹھن
- قے
- خون کے دباؤ میں کمی
- نبض کا دھیما ہونا
- کومے میں چلا جانا
- سر چکرانا
- مرگی کے ممکنہ دورے
- سانس لینے میں تکلیف
- سانس کا آہستہ آنا یا کوشش کر کے سانس لینا
- سانس کا سینے کے اوپری حصے تک محدود رہنا
- ناخنوں اور ہونٹوں کا نیلا پڑ جانا

## دوا کی حفاظت:

- دوا کو کمرے کے درجہ حرارت پر دھوپ اور نمی سے محفوظ رکھیں۔
- تمام ادویات بچوں اور پالتو جانوروں سے دور رکھیں۔
- اگر دوا کے استعمال کی میعاد گزر چکی ہو تو اسے استعمال نہ کریں۔ یہ میعاد ڈبے پر درج ہوتی ہے۔
- اگر دوا استعمال نہ ہوئی ہو تو فارمیسی کو واپس کر دیں تاکہ اسے مناسب انداز میں تلف کر دیا جائے۔
- اپنی دوا کسی کو استعمال کرنے کے لیے نہ دیں۔

---

مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی درج ذیل پر رابطہ کریں:

ڈرگ اینڈ پوائزن انفارمیشن سینٹر، ڈیپارٹمنٹ آف فارمیسی سروسز، آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

P. O. Box 3500, Stadium Road, Karachi-74800, Pakistan,

Tel: +92 21 3486 1504/1506, Email: drug.information@aku.edu, Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

The Aga Khan University Hospital, Karachi